© rasailojaraid.com


## (۱) بہادر لڑکی (۲) نومولود بچوں کا کلام کرنا

قیمت ۲، ۲ روپے مرتب حافظ ارشاد احمد دیوبندی

بچوں کی تعلیم اور تربیت کے نقطہ نظر سے لکھے گئے یہ چھوٹے چھوٹے کتابچے مقصدی ادب کا اعلیٰ نمونہ ہیں قرآن و حدیث اور تاریخ اسلام سے سبق آموز واقعات اور حکایات کا انتخاب کرنا، انہیں سادہ اور دلچسپ انداز میں ضبط تحریر میں لانا اور بچوں کی نفسیات کے عین مطابق اس تحریر میں کہانی کا رنگ بھرنا۔ نظر بظاہر یہ کام زیادہ مشکل معلوم نہیں ہوتا۔۔ لیکن بازاروں اور گھروں میں اوٹ پٹانگ اور لچر قسم کی چھوٹی چھوٹی مطبوعہ کہانیوں کی بہتات اس حقیقت کو ظاہر کرتی ہے کہ دوسرے اور تیسرے درجہ کے پیشہ ور لکھاری تو قوم کے مستقبل کی "تربیت و تعلیم" میں ہمہ وقت منہمک ہیں جبکہ صحیح الفکر اہل قلم کو ان کی سہل انگاری اور بے توفیقی مجرمانہ غفلت میں غلطاں کئے ہوئے ہے۔

محترم حافظ ارشاد احمد دیوبندی مدظلہ مستند عالم دین اور مشاق لکھاری ہیں انہوں نے تہذیب اطفال کے محاذ پر اتنے جاندار کام کا آغاز کر کے پوری قوم پر احسان کیا ہے۔ زیر نظر کتابچے ماہانہ سلسلۂ اشاعت کا پہلا اور دوسرا حصہ ہیں۔ پہلے حصے (ایک بہادر لڑکی) میں ہسپانیہ (سپین) میں ایک مسلمان شہزادی کے تن تنہا عیاش عیسائی حکمرانوں سے ٹکر لینے اور اپنی جان کی بازی تک لگا دینے کا واقعہ بڑی جذباتی فضا میں تحریر کیا گیا ہے دوسرے حصے (نومولود بچوں کا کلام کرنا) میں قرآن اور حدیث میں مذکور پانچ منتخب واقعات کی تفصیل دی گئی ہے اسلوب تحریر ایسا ہے کہ اس میں بچوں کی دلچسپی کا عنصر بدرجہ اتم موجود ہے۔ یہ انتہائی مفید کتابچے ۲،۲ روپے میں افضل حق لائبریری، ظاہر پیر ضلع رحیم یار خان سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ تجارت یا تبلیغ کی غرض سے خریدنے والے حضرات کو یہ کتابچے ۱۰۰ روپے فی سینکڑہ کی خصوصی رعایت کے ساتھ مل سکتے ہیں۔

---

بقیہ از صہ ۴۶

رکھتے تھے۔ تمام عمر عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ اور استیصالِ مرزائیت کی جدوجہد میں بتا دی انہوں نے نصف صدی تک بھرپور اجتماعی زندگی گزاری وہ جامع مسجد غلہ منڈی میں طویل عرصہ مقیم رہے، کافی عرصہ مجلس تحفظ ختم نبوت سے وابستہ رہے مگر گزشتہ کئی ماہ سے مجلس احرارِ اسلام کے مرکز مسجد سیدنا ابوبکر صدیقؓ میں قیام پذیر تھے مرض الموت میں ان کی خدمت کی سعادت مجلس احرارِ اسلام کو حاصل ہوئی اللہ جل شانہٗ ان کے حسنات قبول فرمائے سیئات درگزر فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے (آمین) قارئین مرحومین کے لئے دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں

اراکین ادارہ ان کے لواحقین اور ٹلہ گنگ کے احرار کارکنوں سے تعزیت کرتے ہیں، اور ان کے غم میں شریک ہیں۔ (ادارہ)

**دعاءِ مغفرت:** ۔ مولانا حافظ نذیر احمد صاحب (استاذ علومِ شرعیہ ساہیوال) کی والدہ ماجدہ اور احرار کارکن حافظ محمد احمد معاویہ کی دادی صاحبہ انتقال فرما گئی ہیں ــــ مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے رکن جناب محمد عمر عابر کے والد گرامی حافظ مشتاق احمد صراف رحلت فرما گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ قارئین سے درخواست ہے کہ وہ مرحومین کی مغفرت کے لئے خصوصی دعاء فرمائیں اراکین ادارہ لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔ ادارہ

© rasailojaraid.com